DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

THURSDAY, JANUARY 25, 2024

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

# وفاقی محتسب کے قیام کے 41 سال مکمل ہو گئے

## 24 جنوری 1983ء کو وفاقی محتسب کا اسلام آباد میں صدر دفتر قائم کیا گیا تھا

## 22 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے، ادارہ 21 لاکھ شکایات کا ازالہ کر چکا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب کے قیام کے 41 سال آج 24 جنوری 2024ء کو مکمل ہو گئے ہیں۔ اکتالیس سال قبل 1983ء کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تب سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا تھا، بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں بھی اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جب کہ آج وفاقی محتسب کے ملک بھر میں 22 علاقائی (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

18 وفاقی محتسب

دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ وفاقی محتسب سے جاری اعلامیہ کے مطابق 41 سال کے اس سفر کے دوران وفاقی محتسب کا ادارہ 21 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2023ء میں وفاقی محتسب نے ایک لاکھ 93 ہزار 28 شکایات کے فیصلے کئے۔ آج وفاقی محتسب کے تمام علاقائی دفاتر میں ادارے کے قیام کے 41 سال مکمل ہونے پر سادہ مگر پروقار تقاریب کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔